# فیصل آباد بورڈ 2017ء (دوسرا گروپ)

رول نمبر (ہندسوں میں) ________ رول نمبر (لفظوں میں) ________ دستخط ناظم امتحان: ________

کل نمبر: 48 انشائی طرز وقت: 1:45 گھنٹے

## (حصہ اوّل)

**سوال 2: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 5×2 = 10

(i) بائیوسفیر لیول سے کیا مراد ہے؟

(ii) ہارٹیکلچر سے کیا مراد ہے؟ اس کا تعلق زراعت سے کیسے بنتا ہے؟

(iii) مقداری اور ساختی مشاہدات کی دو مثالیں دیجیے۔

(iv) مادہ مچھر خون کھینچنے سے پہلے سلائیوا کیوں جسم میں داخل کرتی ہے؟

(v) اینڈ یَنجرڈ سپی شیز سے کیا مراد ہے؟ مثال دیجیے۔

(vi) ہم سائنسی نام کیسے لکھتے ہیں؟ ایک مثال دیجیے۔

(vii) اینڈوپلازمک ریٹی کولم کو رف اور سموتھ اینڈوپلازمک ریٹی کولم کیوں کہا جاتا ہے؟

(viii) پرائمری سیل وال اور سیکنڈری سیل وال میں کیا فرق ہے؟

**سوال 3: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 5×2 = 10

(i) سومیٹک سیلز اور جرم لائن سیلز میں فرق تحریر کیجیے۔

(ii) کیریوکائینسز کے چار مراحل کے نام لکھیے۔

(iii) بی نائن اور میلگنینٹ ٹیومرز میں فرق تحریر کیجیے۔

(iv) کو۔ اینزائمز کیا کام کرتے ہیں؟

(v) اینزائمز کا غذا اور خوراک کی صنعت میں استعمال بیان کیجیے۔

(vi) سویا ساس کیسے بنائی جاتی ہے؟

(vii) گلائیکولائسز کی تعریف کیجیے۔ یہ عمل کہاں ہوتا ہے؟

(viii) فوٹو سنتھی سز کی تعریف کیجیے۔

**سوال 4: کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:** 5×2 = 10

(i) ٹرانسپائریشن کی تعریف کیجیے۔

(ii) ٹرانسپائریشن پل پیدا ہونے کی دو وجوہات تحریر کیجیے۔

(iii) ڈینگی بخار میں خون کیوں بہنے لگتا ہے؟

(iv) نبض سے کیا مراد ہے؟

(v) میجر منرلز اور ٹریس منرلز میں فرق لکھیے۔

(vi) کواشیارکر کیا ہے؟

(vii) پیری سٹالسس سے کیا مراد ہے؟

(viii) جگر کے کوئی سے دو افعال تحریر کیجیے۔

## (حصہ دوم)

**نوٹ: کوئی سے دو سوالات کے جوابات لکھیے۔** 9×2 = 18

**سوال 5:** (الف) مسلمان سائنسدانوں کی بائیولوجی کے میدان میں خدمات بیان کیجیے۔ 4

(ب) ایپی تھیلیل ٹشو کی اقسام کی وضاحت کیجیے۔ 5

**سوال 6:** (الف) اینزائمز کے ایکشن کا میکانزم بیان کیجیے۔ 4

(ب) لائٹ ری ایکشن کی تعریف کیجیے اور اس کے مراحل کی سمری بیان کیجیے۔ 5

**سوال 7:** (الف) متوازن غذا پر نوٹ لکھیے۔ 4

(ب) پلمونری سرکولیشن سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کیجیے۔ 5

www.ilmkidunya.com